BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

سٹی آف برامپٹن، نئے قمری سال کا جشن منا رہا ہے
اور ایئر آف دی ٹائیگر کا خیرمقدم کرتا ہے

برامپٹن، آن (24 جنوری 2022) – سٹی آف برامپٹن کمیونٹی کو ذاتی طور پر اور آن لائن پروگراموں کے ذریعے نئے قمری سال کا جشن منانے اور ایئر آف دی ٹائیگر، جس کا آغاز یکم فروری سے ہو رہا ہے، کا استقبال کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ 2022 کو ایئر آف دی ٹائیگر کے نام سے منصوب کیا گیا ہے – جو طاقت، خوش قسمتی اور اعتماد کی علامت ہے۔

لیونر نیو ایئر آرٹ اسکوائر
ڈیلی ٹائمز اسکوائر 33 کوئین اسٹریٹ ویسٹ
2 - 14 فروری

برامپٹن چائنیز بزنس ایسوسی ایشن کے ساتھ شراکت داری میں، سٹی ہال کے باہر ڈیلی ٹائمز اسکوائر پر ایک عارضی عوامی آرٹ کی نمائش کی جائے گی جس کا مقصد کینیڈین ورثے اور مشرقی ایشیائی ثقافت کا جشن منانا ہے۔ اس نمائش میں 2 تا 14 فروری تک چار مقامی فنکاروں ایبیولا ادوو، خولا صدیقی, سکاٹ گون کرس مونوسامی کے فن پاروں کی نمائش کی جائے گی۔

نئے قمری سال کی ورچوئل تقریبات
1 سے 14 فروری تک، سٹی کمیونٹی کے لیے آن لائن جشن منعقد کرے گا جس میں کمیونٹی کے ممبران ہر فنکار کے ساتھ ویڈیو انٹرویو کے ذریعے لطف اندوز ہو سکیں گے اور نئے قمری سال کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکیں گے تاکہ وہ اپنی تحریک اور عمل اور روایتی مشرقی ایشیائی فنون کے مظاہروں کا اشتراک کر سکیں۔

نئے قمری سال کی تقریبات کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: brampton.ca/lunarnewyear

سٹی آف برامپٹن اپنے فراخدلانہ ایونٹ سپانسرز الگوما یونیورسٹی اور RBC کا شکریہ ادا کرتا ہے۔

اقتباسات

"سٹی آف برامپٹن کی جانب سے، میں ہر ایک کے لیے صحت اور خوشحالی کا سال چاہتا ہوں۔ جیسا کہ ایئر آف دی ٹائیگر کا آغاز ہونے جا رہا ہے، برامپٹن کے ڈیلی ٹائمز اسکوائر میں اس شاندار عوامی آرٹ ڈسپلے کے ساتھ نئے قمری سال اور برامپٹن کے تنوع کا جشن منانا شاندار ہے۔ کُنگ ہے فات سویی (نیا سال مبارک ہو)!"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن مختلف کمیونٹیز پر مشتمل ایک خوبصورت گلدستے کی مانند ہے اور ہمیں اپنی کمیونٹی کی تقریبات اور خدمات کو منا کر بہت خوشی محسوس ہوتی ہے۔ میری جانب سے نئے قمری سال کا جشن منانے والے ہر شخص کے لیے نیک خواہشات ہیں اور میری تمنا ہے کہ 2022 سب کے لیے خوش قسمتی کا سال ہو۔"

- *ہرکیرات سنگھ، سٹی کونسلر وارڈز 9 اور 10؛ چیئر، کوآپریٹ سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن کی متنوع کمیونٹی اس شہر کو بہت خاص بناتی ہے۔ میں اپنے ملازمین اور وسیع تر کمیونٹی کے لیے 2022 کے نئے قمری سال اور اچھی صحت کی خواہش رکھتا ہوں۔"

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

میڈیا کنٹیکٹ
پرابجوت کینتھ
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Prabhjot.Kainth@brampton.ca